© rasailojaraid.com



بارے میں بھی آگاہ کیا اور ان سے طالبان کی پر زور حمایت کیلئے کہا گیا۔ کہ آپ بھی اپنے والد مرحوم جنرل ضیاء الحق شہید کے نقش قدم پر چلتے ہوئے افغانستان کے مسئلے کو خصوصی اہمیت دیں۔ مذاکرات بند کمرے میں ہوئے۔ ملاقات میں دارالعلوم کے نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ بھی موجود تھے۔ اسکے علاوہ گزشتہ دنوں معروف سیاستدان اور پختونخواہ قومی پارٹی کے سربراہ افضل خان صاحب اور معطل ایم پی اے خانزادہ تاج خان صاحب بھی تشریف لائے۔

<u>ورلڈ اسلامک فورم کے سیکرٹری جنرل مولانا عیسیٰ منصوری کی دارالعلوم تشریف آوری :</u> گزشتہ دنوں ورلڈ اسلامک فورم کے سیکرٹری جنرل مولانا عیسیٰ منصوری صاحب مدظلہ دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ آپ نامور عالم دین، ممتاز مذہبی سکالر اور کئی اداروں کے مسئول ہیں۔ عشاء کے وقت حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر تشریف لائے۔ آپ گزشتہ تیس برس سے انگلینڈ میں اشاعت اسلام کے لئے خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ آپ گزشتہ ماہ ہندوستان کے مسلم پرسنل بورڈ کے منعقدہ اجلاس ممبئی میں شرکت کے لئے تشریف لائے تھے۔

<u>امیر المومنین ملا محمد عمر مدظلہ کو دارالعلوم کی طرف سے دی گئی سند پر تہنیتی پیغامات</u> دارالعلوم کی تقریب دستار بندی کے موقع پر امیر المومنین ملا محمد عمر مدظلہ کو جو اعزازی ڈگری عطا کی گئی تھی اس پر ملک و بیرون ملک علمی اور دینی طبقوں میں خوشی کی ایک لہر دوڑ گئی ہے اس سلسلے میں دارلعلوم کو تہنیتی پیغامات موصول ہو رہے ہیں ہم تمام فضلاء متعلقین اور کرم فرماؤں کے شکر گزار ہیں۔

<u>فرانسیسی سفارتکاروں کی دارالعلوم آمد</u> ۴ نومبر کو دارالعلوم حقانیہ کی دستار بندی کے موقع پر فرانس ایمبیسی کے دو سینئر سفارتکار مسٹر دانئیل غش اور برٹرینڈ ویلیری دارالعلوم تشریف لائے۔ اور انہوں نے حضرت مہتمم مدظلہ کیساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ بعد میں مہمانوں نے دستار بندی کی تقریب بھی صحافیوں کے ساتھ ملکر دیکھی۔ انہوں نے اس یادگار روحانی اجتماع کا بہت زیادہ اثر لیا۔ اور شام تک دارالعلوم میں قیام کیا۔ بعد ازاں انہوں نے کئی طلباء سے ملاقاتیں کیں۔ مصری ایمبیسی کے سینئر افیسر شیخ عبدالرحمان بھی اپنے ساتھیوں کیساتھ دارلعلوم تشریف لائے۔

<u>جرمن اسکالر اور معروف صحافی ڈاکٹر مائیکل لودھر کی دارالعلوم میں آمد</u> جرمنی اور یورپ کے معروف ویکلی میگزین "ڈائی زائیٹ" کے ایڈیٹر ڈاکٹر مائیکل لودھر دارالعلوم تشریف لائے۔

© rasailojaraid.com